صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 8 ستمبر 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

جمعرات 8 ستمبر 2016ء 5 ذوالحج 1437 ہجری 8 تبوک 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 206

زندگی بخش کلام

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

اور اسی طرح ہم نے تیری طرف اپنے حکم سے ایک زندگی بخش کلام وحی کیا۔ تو جانتا نہ تھا کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا ہے لیکن ہم ہی نے اسے نور بنایا جس کے ذریعہ ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں اور یقیناً تو سیدھے راستہ کی طرف چلاتا ہے۔ (الشوریٰ:53)

دنیا کا سارا فتنہ وفساد اور بدامنی مذہب سے لاتعلقی اور مذہبی تعلیم پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے پھیلا ہے

بجز قرآن کریم کے خداشناسی کا اور کوئی ذریعہ نہیں ہے

انا، تکبر اور بداخلاقی کی گٹھڑیاں اتار کر اخلاص، وفا اور راست بازی سے خدا کے قریب ہو جاؤ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے 41 ویں جلسہ سالانہ جرمنی سے اختتامی خطاب فرمودہ 4 ستمبر 2016ء کا خلاصہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے 41واں جلسہ سالانہ جرمنی تین دن جاری رہنے کے بعد بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوگیا۔ جلسہ کی اختتامی تقریب وخطاب کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پاکستانی وقت کے مطابق رات 7:20 بجے جلسہ گاہ کالسروئے جرمنی میں تشریف لائے۔ نومبائعین کے ساتھ ساتھ جلسہ میں شامل تمام افراد کے علاوہ دنیا بھر کے احمدیوں نے ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعے بیعت کا شرف حاصل کیا۔ بیعت کی بابرکت تقریب کے بعد دعا ہوئی اور دعا کے بعد حضور انور سٹیج پر رونق افروز ہوئے۔ اور اختتامی تقریب کا آغاز ہوا۔ یہ تقریب ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعے تمام دنیا میں براہ راست نشر کی گئی اور دنیا بھر کے احباب جماعت نے اس تقریب میں شمولیت کی سعادت پائی۔

اختتامی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم جری اللہ خان صاحب نے سورۃ الانعام کی آیات 161 تا 166 کی تلاوت کی۔ مکرم الیاس منیر صاحب نے اردو جبکہ محمد حماد ہارٹر (Harter) صاحب نے جرمن ترجمہ پیش کیا۔ حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام مکرم مرتضیٰ منان صاحب نے ترنم سے سنایا۔ ازاں بعد تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء نے حضور انور سے انعامات، اسناد اور میڈلز حاصل کرنے کی سعادت پائی۔ 8:10 بجے رات حضور انور نے اختتامی خطاب ارشاد فرمایا۔

حضور انور نے آغاز میں فرمایا کہ آجکل دنیا داروں کا ایک بڑا طبقہ مذہب پر یہ الزام لگاتا ہے کہ دنیا میں فتنہ وفساد مذہب کی وجہ سے پھیلا ہے۔ اور دوسرا یہ بھی کہتے ہیں کہ اس دور کی ضروریات مذہب پوری نہیں کرتا اس لئے مذہب کو ماننے کی ضرورت کیا ہے۔ اور اس طرح لادین افراد کی تعداد بہت بڑھ گئی۔ دنیا میں سب سے زیادہ تعداد عیسائیوں کی ہے۔ اور عیسائیوں کی ہی ایک بہت بڑی تعداد مذہب سے لاتعلق ہو چکی ہے۔ اور خدا کے ہی منکر ہو چکے ہیں۔ خود خدا سے دور ہیں مذہب سے دور ہیں اور الزام یہ لگاتے ہیں کہ دنیا میں فتنہ وفساد کا موجب مذہب ہے۔ حالانکہ دنیا کا سارا فتنہ وفساد مذہب سے لاتعلقی اور مذہبی تعلیم پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے پھیلا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دین حق کی تعلیم ہی دراصل دنیا کے امن کی ضامن ہے لیکن اس کے ماننے والے بھی اس کی تعلیم پر عمل نہیں کرتے۔ دوسرا یہ کہ ان ممالک کے حکمران عوام کے حقوق ادا نہیں کرتے اور پھر اس کا ردعمل ہوتا ہے یا پھر مفاد پرست اس موقع سے فائدہ اٹھا کر فساد پھیلاتے ہیں اور اس طرح اس کے مخالفین کو اس پر اعتراض کرنے اور لوگوں کو اس کی تعلیم کے خلاف باتیں کرنے میں مدد ملتی ہے۔ حالانکہ یہ سارے طبقے اس کی اصلی اور حقیقی تعلیم سے کلیتاً ناواقف ہوتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا ان وجوہات کی وجہ سے مغرب میں دین حق سے واقفیت نہ رکھنے والے افراد اس سے خوف زدہ ہیں۔ اور وہ اس سے دور رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے وقت میں ہم احمدی ہی ہیں جو کہتے ہیں کہ حقیقت میں بدامنی اور فتنہ وفساد دینی تعلیم پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے ہے۔ اس کی صحیح تشریحات سے دور ہٹنے کی وجہ سے ہے۔ اور مخالف اس کے خلاف پروپیگنڈہ کر کے اس کو ذمہ دار ٹھہرا رہا ہے۔ حالانکہ قرآن کریم کی تعلیم فطرت کے مطابق ہے اور اس کے رحم اور عدل کے معیار ایسے ہیں کہ دشمن سے بھی ناانصافی سے منع کرتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب ہم امن پسند تعلیم مغرب کے معاشرے کے سامنے پیش کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ شاید تم نے اس میں کوئی تبدیلی کر لی ہے۔ اور جب قرآن کریم اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اسوہ حسنہ پیش کیا جاتا ہے اور تاریخی شواہد سامنے رکھے جاتے ہیں تو پھر حیران ہوتے ہیں کہ یہ باتیں تو ہمارے تصور میں بھی نہیں تھیں۔ چونکہ احمدی حقیقی دین کی سچی تعلیم پر عمل کرتے ہیں اس لئے یہ دوسروں سے مختلف نظر آتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم زندگی بخشنے والی تعلیم بیان کرتا ہے۔ اور روحانی زندگی کے حصول کے ذرائع بیان کرتا ہے۔ اس کی تفصیل میں حضرت مسیح موعود کے اقتباسات پیش کرتا ہوں کہ جس سے پتہ چلتا ہے کہ مذہب خدا کی طرف سے ہے اور خدا کی طرف لے جانے والی تعلیم دیتا ہے اور بتاتا ہے کہ یہ تبدیلی کیسے پیدا ہوگی۔ اور خدا کے ساتھ کیسے تعلق پیدا ہوگا۔

باقی صفحہ 2 پر

نماز کا اصل طریق

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

”میں نے اپنی جماعت کو نصیحت کی ہے کہ ہندوستان میں یہ عام بدعت پھیلی ہوئی ہے کہ تعدیل ارکان پورے طور پر ملحوظ نہیں رکھتے اور ٹھونگے دار نماز پڑھتے ہیں۔ گویا وہ نماز ایک ٹیکس ہے جس کا ادا کرنا ایک بوجھ ہے۔ اس لئے اس طریق سے ادا کیا جاتا ہے، جس میں کراہت پائی جاتی ہے، حالانکہ نماز ایسی شے ہے کہ جس سے ایک ذوق، انس اور سرور بڑھتا ہے۔ مگر جس طریق پر نماز ادا کی جاتی ہے اس سے حضور قلب نہیں ہوتا اور بے ذوقی اور بے لطفی پیدا ہوتی ہے۔ میں نے اپنی جماعت کو یہی نصیحت کی ہے کہ وہ بے ذوقی اور بے حضوری پیدا کرنے والی نماز نہ پڑھیں، بلکہ حضور قلب کی کوشش کریں جس سے ان کو سرور اور ذوق حاصل ہو......نماز ایک ایسا شربت ہے کہ جو ایک بار اسے پی لے اسے فرصت ہی نہیں ہوتی۔ اور وہ فارغ ہی نہیں ہوسکتا۔ ہمیشہ اس سے سرشار اور مست رہتا ہے۔ اس سے ایسی محویت ہوتی ہے کہ اگر ساری عمر میں ایک بار بھی اسے چکھتا ہے تو پھر اس کا اثر نہیں جاتا۔

مومن کو ہمیشہ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت دعائیں کرنی چاہئیں۔

(بسلسلہ فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2016ء
مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

درخواست دعا

ہمارے بزرگ اور دیرینہ خادم سلسلہ محترم مولانا محمد ابراہیم بھامبڑی صاحب مولوی فاضل (عمر 103 سال) بڑھاپے کے عوارض سے بیمار اور کمزور ہوگئے ہیں۔ انہوں نے احباب جماعت سے صحت وسلامتی کیلئے درخواست دعا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو صحت والی لمبی فعال عمر عطا فرمائے اور ہر قسم کی پریشانیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

(بقیہ از صفحہ 1: اختتامی خطاب کا خلاصہ)

حضور انور نے فرمایا کہ جس طرح اللہ تعالیٰ اناج کے دانہ کو بار بار اگاتا ہے اسی طرح مذہب کی تعلیم کو بھی بار بار ظاہر کرتا ہے تا کہ ہر معاشرے کی ضرورت کو پورا کیا جائے۔ اور اس دور میں حضرت مسیح موعود کو بھیجا ہے۔ آپ نے بیان فرمایا ہے کہ مذہب کو کس طرح سمجھا جاسکتا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ خدا شناسی نعماء الٰہی ہیں۔ اعمال صالحہ اس کی شاخیں ہیں اور اعلیٰ اخلاق اس کے پھول اور برکات روحانیہ اس کے پھل ہیں۔ مذہب اللہ کی پہچان کراتا ہے، نعماء پر غور کر کے معرفت حاصل ہوتی ہے اعمال صالحہ اس کی شاخیں ہیں جس سے یہ پھیلتا ہے۔ اعلیٰ اخلاق پھول بن جاتے ہیں اور پھر روحانی برکات کی لذت حاصل ہوتی ہے۔ یعنی عبادت اور دعاؤں کی طرف توجہ ہوتی ہے۔ ان چیزوں پر غور کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ مذہب سے ہی روحانی پاکیزگی اور تقدس حاصل ہوگا۔ اور یہی روحانی پھل ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب خدا سے تعلق نہیں رہتا تو دل کی حالت گندی ہو جاتی ہے۔ بدزبانی کی عادت ہو جاتی ہے۔ متعصّبانہ خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ دوسروں کو جانی و مالی نقصان پہنچانے کی فطرت بن جاتی ہے۔ لیکن جہاں سچا مذہب ہوگا وہ خدا سے تعلق پیدا کرے گا اس کی تعلیم سے رحم، ہمدردی اور نرمی پیدا ہوگی اور یہ مفقود خصائل جب پیدا ہوں گے پھر جھگڑے اور لڑائیاں اور فساد ختم ہو جائیں گے۔ مذہب خدا سے محبت اور آپس میں محبت کے تعلقات پیدا کرتا ہے۔ خدا سے ایسا تعلق پیدا کرتا ہے جس سے نفسانی جوش دب جاتے ہیں۔ خدا کی عبادت اور ہمدردی مخلوق کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ مذہب خارق عادت نشانات دکھا کر بندے کے خدا سے تعلق پیدا کرتا ہے۔ اس وقت صرف دین حق خارق عادت نشانات کے بلند مینار پر قائم ہے جبکہ دوسری تمام ملتیں نشیب میں پڑی ہیں۔ باقی مذہب پرانے قصوں کا مجموعہ ہیں اور ان میں نشانات نہیں۔ خدا تعالیٰ آج بھی یہ نشانات دکھا رہا ہے۔ حضور انور نے مالی مغربی افریقہ کے ایک شخص کا واقعہ سنایا کہ دین حق کی سچائی کیلئے دعا کرتا تھا مگر ظاہری طور پر مایوس تھا۔ پھر خواب میں رہنمائی ہوئی اور بیعت کر کے احمدی ہو گئے۔ فرمایا ایسے سینکڑوں نشانات اور واقعات میرے پاس ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ خدا تم کو حقیقی فرمانبردار بنانا چاہتا ہے۔ تم ولی بنو ولی پرست نہ بنو تم پیر بنو پیر پرست نہ بنو۔ جو ان تنگ راہوں سے داخل ہوتا ہے وہ حقیقی راحت و آرام پاتا ہے۔ ان دروازوں سے ہلکے ہو کر گزرنا ہوگا۔ یعنی انا، تکبر، گناہ، بداخلاقی، حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا نہ کرنے اور دین پر دنیا کو مقدم کرنے کی گٹھڑیاں اتارنی ہوں گی۔ وفاداری، اخلاص، وفا اور راست بازی سے خدا کے قریب آؤ۔ فرمایا جو مان کر ایسے اعمال نہیں بجالاتا وہ دشمنوں سے پہلے پکڑا جاتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب تک کوئی خفیف ہو کر اللہ تعالیٰ سے سوال نہ کرے، نہ مانگے وہ حقیقی مومن نہیں۔ سب طاقتیں اس کے آستانے سے مانگو۔ انجن کے ساتھ جڑ و اور یقین رکھو کہ اس کے کھینچنے سے بڑھو گے۔ تمام طاقتیں اللہ کو حاصل ہیں۔ بڑا بدقسمت ہے وہ شخص جو غیر اللہ کی طرف متوجہ ہوا۔

حضور انور نے فرمایا کہ سچائی کی فتح ہوگی اور تازگی اور روشنی کا وقت ضرور آئے گا لیکن اس کے لئے حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ محنت اور جانفشانی سے جگر خون کرنے ہوں گے۔ ہر آرام کو کھونا ہوگا، ساری ذلتیں برداشت کرنا ہوں گی۔ فرمایا کہ دین حق کا زندہ ہونا تم سے ایک فدیہ مانگتا ہے اور وہ فدیہ یہی ہے کہ اسی راہ میں مرنا۔ کیونکہ اسی پر زندہ خدا کی تجلی موقوف ہے۔

حضور انور نے فرمایا صرف باتیں نہیں بلکہ اخلاق و اعمال خدا سے ملاتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ بجز قرآن کریم کے خدا شناسی کا اور کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ اس لئے قرآن کریم کی تعلیم پر پابندی اختیار کریں۔ اسی کی قوت جاذبہ ہے جو خدا کی طرف کھینچتی ہے۔ جو روشنی، سکینت اور آرام بخشتی ہے۔ پس قرآن کی تعلیم کے مطابق گھروں، معاشروں کے فرائض سے لے کر عالمی فرائض ادا کرنے تک اس پر عمل کریں۔ باقی تعلیمات صرف خدا ہونا چاہئے تک بتاتی ہیں لیکن قرآن کریم ذاتی بصیرت عطا کر کے یقین کی آنکھ سے دکھاتا ہے کہ خدا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج بھی قرآن کی حقیقی تعلیم پر عمل سے نشانات کا ظہور ہو رہا ہے۔ اور نشانوں کے مشاہدہ کے ذریعہ یہ علم او ریقین اور معرفت مل رہی ہے کہ خدا تعالیٰ کی ذات اور صفات میں کوئی شریک نہیں۔ حضور انور نے افریقہ کے ایک احمدی کا واقعہ سنایا کہ چیف نے کہا کہ احمدیت چھوڑ دو نہیں تو یہاں سے نکال دوں گا۔ اس نے کہا کہ تم یہاں کے چیف ہو ایک خدا ہے جو تم سے بھی بڑا ہے نکالنا ہے تو نکال دو میں احمدیت کو نہیں چھوڑوں گا۔ اس بات سے اس چیف پر ایسا رعب پڑا کہ اس نے کہا کہ تم یہاں رہو میں تمہیں نہیں نکالوں گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے اپنے آنے کے مقاصد یہ بیان فرمائے ہیں کہ خدا اور مخلوق کے رشتہ کو جوڑوں، دینی سچائیاں جو گم ہوگئی ہیں ظاہر کردوں، صلح کی بنیاد ڈالوں، خالص اور چمکتی ہوئی توحید کو دوبارہ قائم کردوں۔ فرمایا کہ یہ ہوگا مگر خدا کی طاقت سے ہوگا۔ تم اپنی تمام تر طاقتوں اور صلاحیتوں سے اس مقام کو حاصل کرنے کی کوشش کرو۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ کام ہو رہا ہے۔ خالص عنایت الٰہیہ سے توحید پھیل رہی ہے۔ کئی وجود ہیں جن کو خدا نے خود بشارت دے کر اس طرف متوجہ کیا۔ اور وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم بت پرست تھے۔ پر اب خدائے واحد پر ایمان لاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی شفقت سے ان لوگوں میں یقین اور نیا ادراک پیدا ہو رہا ہے۔ اور لاکھوں لوگ اس میں داخل ہو رہے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ انسانوں میں وحدت قائم کرنا چاہتا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ جیسا ایک درخت کے گرد تختے لگائے جاتے ہیں اور پھر پورے باغ کے گرد باڑھ لگا کر ان درختوں کو وحدت میں پرو دیا جاتا ہے اسی طرح خدا نے انسان کو پیدا کیا۔ پھر کئی قوموں اور نسلوں میں پھیلا دیا۔ اور ان کی طرف انبیاء اور اپنی تعلیمات بھیجیں۔ اور آخری زمانہ میں آنحضرت ﷺ کے ذریعہ سے ان تمام امتوں کو امت واحدہ بنانے کے لئے قرآن کریم کی تعلیم دی۔ تا کہ تمام انسانی قدروں کو قائم کر کے دنیا کو وحدت کی لڑی میں پرو دیا جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دین حق وحدت کو قائم کرنے کے لئے ہر روز ایک جگہ پر اکٹھے ہو کر نماز ادا کرنے کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ پھر ہفتہ میں ایک دفعہ شہر بھر کو ایک جگہ اکٹھے ہونے کا حکم دیتا ہے۔ پھر سال میں ایک دفعہ شہر اور اس کے گرد و نواح کو ایک جگہ اکٹھا کرتا ہے۔ اور پھر عمر میں ایک دفعہ مکہ معظّمہ میں اکٹھے ہونے کا حکم دیتا ہے۔ ان تمام احکامات سے غرض یہی ہے کہ انسانوں میں وحدت قائم ہو۔

حضور انور نے فرمایا پس آج ضرورت ہے کہ ہم اس تعلیم کو سمجھیں، اس پر عمل کریں اور پھر اس محبت و اخوت کے پیغام کو ہر ملک میں پھیلائیں۔ اور دنیا کے فساد اور لڑائیاں اور جھگڑے دور کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ دنیا شیطان کے پنجہ میں گرفتار ہے اس کو شیطان کے پنجہ سے نکالنے کیلئے اس کے خلاف نبرد آزما ہو جائیں۔ اور ساری دنیا کو امن و آشتی کی تعلیم کی طرف بلالیں۔ ان کے لئے خوب دعائیں بھی کریں کہ اللہ تعالیٰ دنیا کو ہدایت دے۔ شیطان کے پنجہ سے نجات دے اور اپنی معرفت عطا فرمائے۔ آمین

خطاب کے بعد حضور انور نے اختتامی دعا کروائی۔ دعا کے بعد فرمایا کہ اس جلسہ کی حاضری 38 ہزار 149 تھی۔ فرمایا یہاں حاضری کا نظام بہتر ہے اس لئے یو کے سے حاضری زیادہ ہے۔ یو کے کے بھی لوگ یہاں آئے ہیں اس طرح یو کے کے لوگوں کا بھی اس حاضری کے بڑھانے میں ایک کردار ہے۔ اس کے بعد نظمیں اور ترانے پیش کئے گئے اور حضور انور از راہ شفقت سٹیج پر تشریف فرما رہے۔ اور پھر سلامتی سے واپس جانے کی دعا دیتے ہوئے واپس تشریف لے گئے۔

حمد باری تعالیٰ

اُس بِن کہیں جہاں میں کوئی اماں نہیں ہے
جز اُس کے اور کوئی کون و مکاں نہیں ہے

دل میں خلش ہے جس کی، ہم ڈھونڈتے ہیں جس کو
عشقِ خدا ہے یارو عشق بتاں نہیں ہے

ارض و سماء میں ظاہر ہر سو ہے حسن اُس کا
کیا وہ ہمارا خالق ہم میں نہاں نہیں ہے

یہ نعمتیں نظارے یہ روشنی کے دھارے
وہ ذاتِ جاودانی بولو کہاں نہیں ہے

سورج میں بحر و بر میں ہر شام ہر سحر میں
کیا تم کو میرے پیارو دِکھتا یہاں نہیں ہے

طاہر بٹ

مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب

مجلس موصیان

تعلیم القرآن اور وقف عارضی سے تعلق

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 5/ اگست 1966ء میں مجلس موصیان کے قیام کا اعلان فرمایا۔

حضور فرماتے ہیں:

’’عارضی وقف کی تحریک جو قرآن کریم سیکھنے سکھانے کے متعلق جاری کی گئی ہے اس کا تعلق نظام وصیت کے ساتھ بڑا گہرا ہے۔ چنانچہ میں نے حضرت مسیح موعود کے رسالہ......کو غور سے پڑھا تو مجھے معلوم ہوا کہ واقع میں اس تحریک کا موصی صاحبان کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے...... حضور فرماتے ہیں کہ:

’’چونکہ اس قبرستان کیلئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ بہشتی مقبرہ ہے بلکہ یہ بھی فرمایا اُنْزِلَ فِیْھَا کُلُّ رَحْمَۃٍ یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اُتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں۔

......حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک دوسرے الہام میں بتایا اَلْخَیْرُ کُلُّہٗ فِی الْقُرْاٰن ۔ساری بھلائیاں اور نیکیاں اور سب موجبات رحمت قرآن کریم میں ہیں اور رحمت کے کوئی سامان ایسے نہیں جو قرآن کریم کو چھوڑ کر کسی اور جگہ سے حاصل کئے جاسکیں اور رحمت کے ہر قسم کے سامان صرف قرآن کریم سے ہی حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ تو فرمایا اُنْزِلَ فِیْھَا کُلُّ رَحْمَۃٍ کہ اس بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے والے وہ لوگ ہوں گے جو قرآن کریم کی تمام برکتوں کے وارث ہوں گے۔ کیونکہ کوئی برکت بھی قرآن کریم سے باہر نہیں اور نہ کسی اور جگہ سے حاصل کی جاسکتی ہے......اس سے ظاہر ہے کہ موصی صاحبان کا ایک بڑا گہرا اور دائمی تعلق قرآن کریم سیکھنے، قرآن کریم کے نور سے منور ہونے، قرآن کریم کی برکات سے مستفیض ہونے اور قرآن کریم کے فضلوں کا وارث بننے سے ہے۔ اسی طرح قرآن کریم کے انوار کی اشاعت کی ذمہ داری بھی ان لوگوں پر عائد ہوتی ہے۔ کیونکہ قرآن کریم کی بعض برکات ایسی بھی ہیں جن کا تعلق اشاعت قرآن سے ہے......اس لئے میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ تعلیم قرآن اور وقف عارضی کی تحریکوں کو موصی صاحبان کی تنظیم کے ساتھ ملحق کر دیا جائے اور یہ سارے کام ان کے سپرد کئے جائیں‘‘۔

سیکرٹریان وصایا

اس پس منظر کو بیان فرمانے کے بعد آپ نے مجلس موصیان کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ’’پس چونکہ وصیت کا یا نظام وصیت کا یا موصی صاحبان کا، قرآن کریم کی تعلیم، اس کے سیکھنے اور اس کے سکھانے سے ایک گہرا تعلق ہے۔ اس لئے میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ تعلیم قرآن اور وقف عارضی کی تحریکوں کو موصی صاحبان کی تنظیم کے ساتھ ملحق کر دیا جائے اور یہ سارے کام ان کے سپرد کئے جائیں۔ اس لئے آج میں موصی صاحبان کی تنظیم کا، خدا کے نام کے ساتھ اور اس کے فضل پر بھروسہ کرتے ہوئے اجراء کرتا ہوں۔ تمام ایسی جماعتوں میں جہاں موصی صاحبان پائے جاتے ہیں ان کی ایک مجلس قائم ہونی چاہئے۔ یہ مجلس باہمی مشورے کے ساتھ اپنے صدر کا انتخاب کرے۔ منتخب صدر جماعتی نظام میں سیکرٹری وصایا ہوگا‘‘

پھر اس کے ابتدائی فرائض کا بنیادی نقشہ بھی احباب جماعت کے سامنے پیش فرمایا:

’’اس صدر کے ذمہ علاوہ وصیتیں کرانے کے یہ کام بھی ہوگا کہ وہ گاہے گاہے مرکز کی ہدایت کے مطابق وصیت کرنے والوں کے اجلاس بلائے۔ اس اجلاس میں وہ ایک دوسرے کو ان ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کریں جو ایک موصی کی ذمہ داریاں ہیں۔ یعنی اس شخص کی ذمہ داریاں جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کی بشارت ہمیں یہ بتاتی ہے کہ خدا کے سارے فضلوں اور اس کی ساری رحمتوں اور اس کی ساری نعمتوں کا وہ وارث ہے۔ اور وہ صدران کو یاد دلاتا رہے کہ تمام خیر چونکہ قرآن میں ہی ہے اس لئے وہ قرآن کریم کے نور سے پورا حصہ لینے کی کوشش کریں اور ان کو بتایا جائے کہ قرآن کریم کے انوار کی اشاعت کرنا ہر موصی کا بحیثیت فرد اور اب موصیوں کی مجلس کا بحیثیت مجلس پہلا اور آخری فرض ہے اور اس بات کی نگرانی کرنا کہ وقف عارضی کی سکیم کے ماتحت زیادہ سے زیادہ موصی اصحاب اور ان کی تحریک پر وہ لوگ حصہ لیں جنہوں نے ابھی تک وصیت نہیں کی اور ان پر یہ فرض ہے کہ پہلے وہ اپنے گھر سے یہ کام شروع کریں حتیٰ کہ ان کے گھر میں کوئی مرد، کوئی عورت، کوئی بچہ یا کوئی دیگر فرد جو ان کے اثر کے نیچے ہو یا ان کے پاس رہتا ہو ایسا نہ رہے کہ جسے قرآن نہ آتا ہو۔ پہلے ناظرہ پڑھنا سکھانا ہے پھر ترجمہ سکھانا ہے۔ پھر قرآن کریم کے معانی پھر اس کے علوم اور اس کی حکمتوں سے آگاہ کرنا ہے۔ پھر ان علوم کو ایک سخی کی طرح دوسروں تک پہنچانا ہے تاکہ جس فیض سے، جس برکت سے اور جس نعمت سے ہم نے حصہ لیا ہے۔ اسی فیض، برکت اور نعمت سے ہمارے دوسرے بھائی بھی حصہ لینے والے ہوں‘‘۔

نیز موصیان کی ذمہ داریوں کا احاطہ کرتے ہوئے توجہ دلائی کہ:

’’ہمارے موصی صاحبان کا پہلا کام یہ ہے کہ اپنے گھروں میں قرآن کریم کی تعلیم کا انتظام کریں۔ دوسرا یہ کہ واقفینِ عارضی (جن کے سپرد قرآن کریم پڑھانے کا کام کیا جاتا ہے) کی تعداد کو پانچ ہزار تک پہنچانے کی کوشش کریں۔ تیسرے یہ کہ وہ اپنی جماعت کی نگرانی کریں (عمومی نگرانی، امیر یا پریذیڈنٹ کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے) کہ نہ صرف ان کے گھر میں بلکہ ان کی جماعت میں بھی کوئی مرد اور کوئی عورت ایسی نہ رہے جو قرآن کریم نہ جانتی ہو۔ ہر ایک عورت قرآن کریم پڑھ سکتی ہو، ترجمہ جانتی ہو، اسی طرح تمام مرد بھی قرآن کریم پڑھ سکتے ہوں، ترجمہ بھی جانتے ہوں اور قرآن کریم کے نور سے حصہ لینے والے ہوں تاکہ قیام احمدیت کا مقصد پورا ہو‘‘

قرآن کریم کا علم نہ ہو تو وصیت کی تیسری شرط کو پورا نہیں کیا جاسکتا۔

’’حضرت مسیح موعود نے نظام وصیت کی بنیاد اپنے اموال کے دسویں حصہ کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے پر نہیں رکھی تھی بلکہ یہ تو ایک نچلا درجہ تھا جو موصیوں کے سامنے رکھا گیا تھا۔ اصل غرض جس کے لئے نظام وصیت کو قائم کیا گیا تھا وہ کامل تقویٰ کا حصول اور انسان کو ان روحانی رفعتوں کے حصول کے مواقع حسب استعداد بہم پہنچانا تھا جو انسان اپنے رب سے نئی زندگی حاصل کرنے کے بعد حاصل کرسکتا ہے۔ حضرت مسیح موعود ایک ہی فقرہ میں جو بڑا جامع ہے ہر موصی پر اس فریضہ کو قائم کرتے ہیں۔

آپ فرماتے ہیں:

’’تیسری شرط یہ ہے کہ اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی ہو اور محرمات سے پرہیز کرتا اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو سچا اور صاف (مومن) ہو‘‘۔

دراصل ایسے گروہ کے قیام کے لئے ہی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی بناء پڑی کہ ایک ایسی جماعت بھی قائم ہو جو ہر قسم کی قربانی دے کر اپنے نفسوں میں دین (حق) کو قائم کرتی اور دنیا میں (دین حق) کو غالب کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر کوئی موصی قرآن کریم کا علم ہی نہ رکھتا ہو تو پھر وہ اس تیسری شرط کو کیسے پورا کرسکتا ہے۔ وہ اسے ہرگز پورا نہیں کرسکتا اس لئے نظام وصیت کی جو بنیادی غرض ہے اس کے حصول کے لئے یہ ضروری ہے کہ **ہر موصی قرآن کریم پڑھنا جانتا ہو اس کا ترجمہ جانتا ہو اور اس کی تفسیر کے حصول میں ہمہ تن اور ہر وقت کوشاں رہے‘‘۔**

جس عمر میں بھی ہوں قرآن کریم سیکھنے کی کوشش کریں۔

’’اگر کوئی موصی یہ سمجھتا ہو کہ اس وقت میری عمر 75 سال ہے اور آج تک میں نے کبھی پڑھنے کی کوشش نہیں کی اگر میں اب قرآن کریم پڑھنا اور سیکھنا شروع کروں تو میں اسے ختم نہیں کرسکتا۔ تو میں اس کو کہوں گا کہ......اگر تم قرآن کریم پڑھنا یا اس کا ترجمہ سیکھنا یا اس کی تفسیر سیکھنا شروع کردو گے تو اگر ایک آیت پڑھنے کے بعد تم اس دنیا سے رخصت ہوگئے تو اللہ تعالیٰ تمہیں وہی جزا دے گا جو اس نے ان لوگوں کے لئے مقدر کی ہے جن کو اس کی طرف سے سارا قرآن کریم ناظرہ پڑھنے اس کا ترجمہ سیکھنے اور اس کی تفسیر جاننے کی توفیق ملی......پس اس خیال سے مت ڈرو کہ شاید ہم قرآن کریم ناظرہ ختم کرنے سے قبل اس دنیا کو چھوڑ جائیں یا قرآن کریم کا ترجمہ ختم کرنے سے قبل اس دنیا کو چھوڑ جائیں۔ اگر آپ نے پہلے غفلت کی ہے تو اس غفلت کے بدنتائج سے بچنے کا یہی ایک ذریعہ ہے کہ اب آپ جس عمر میں بھی ہوں پوری محنت اور جانفشانی کے ساتھ قرآن کریم کو پڑھنے اور سیکھنے کی کوشش کریں‘‘۔

خلفائے وقت کے ارشادات کی روشنی میں نظارت بہشتی مقبرہ نے (حسب منشاء قاعدہ نمبر 18 قواعد وصیت) مجالس موصیان کے لئے باقاعدہ قواعد تشکیل دیئے جو من وعن یہاں درج کئے جارہے ہیں۔

مجلس موصیان

تشکیل ورکنیت:

☆ ہر اس جماعت میں جہاں تین یا اس سے زائد موصی افراد ہوں ایک مجلس موصیان قائم کی

ناظران تعلیم القرآن و وقف عارضی

وقف عارضی سکیم کے اجراء کے ساتھ ہی یکم مئی 1966ء سے نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ میں شعبہ وقف عارضی قائم کیا گیا۔ جس کے سب سے پہلے انچارج حضرت مولانا ابوالعطاء جالندھری نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ مقرر ہوئے۔ یکم مئی 1969ء سے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اسے ایک ایڈیشنل نظارت اصلاح و ارشاد تعلیم القرآن و وقف عارضی کے نام سے قائم فرمادیا۔ جس کے ایڈیشنل ناظر بھی محترم مولانا صاحب موصوف ہی مقرر ہوئے اور وفات تک آپ اس عہدہ پر فائز رہے۔ آپ کی وفات کے بعد

☆2 جون 1977ء کو مکرم شیخ مبارک احمد صاحب

☆8/ اپریل 1979ء مکرم فضل الٰہی انوری صاحب

☆17 مارچ 1982ء مکرم محمد شفیع اشرف صاحب

☆3/ اگست 1983ء مکرم ظہور احمد باجوہ صاحب

☆27/ اگست 1995ء مکرم محمد اسماعیل منیر صاحب

☆14/ اپریل 1999ء کو مکرم بشیر احمد قمر صاحب

6 ستمبر 2008ء کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر رشتہ ناطہ کو ان کا قائم مقام مقرر فرمایا۔ مولانا بشیر احمد قمر صاحب مورخہ 9/ اکتوبر 2008ء کو بقضائے الٰہی وفات پاگئے۔ ان کی وفات کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 21 نومبر 2008ء کو مکرم مرزا محمد الدین ناز صاحب کو ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن و وقف عارضی) مقرر فرمایا۔

جائے گی۔

☆ہر موصی اپنی مقامی جماعت کی مجلس موصیان کا رُکن ہوگا۔

☆سیکرٹری وصایا مجلس موصیان کا صدر ہوگا۔

☆صدر مجلس موصیان کے عہدے کی مدت تین سال ہوگی۔

☆مجلس موصیان کے اسی قدر حلقہ جات ہوں گے جس قدر مقامی جماعت کے حلقہ جات ہیں۔

فرائض اور ذمہ داریاں (نئی وصایا):

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ مقامی جماعت میں وصایا کی تحریک کرتی رہے اور غیر موصی احباب کو وصیت کے نظام میں شامل کرنے کی کوشش کرتی رہے اور رسالہ......اور خلفاء سلسلہ کے ارشادات کی طرف احباب کو توجہ دلاتی رہے۔

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ نئی وصایا کے سلسلہ میں جملہ کارروائی عمل میں لاویں اور نئے موصیان کی راہنمائی کریں۔اور تکمیل وتحریر وصیت میں ان کی مدد کریں۔

☆صدر مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ مقررہ فارم پر وصیت لکھوانے کے بعد بلا تاخیر مرکز میں روانہ کرے اور تکمیل ومنظوری وصیت تک جملہ خط وکتابت صدر مجلس موصیان کی معرفت ہوگی۔

تربیت ونگرانی:

☆صدر مجلس موصیان دفتر نظارت بہشتی مقبرہ اور موصیان کے درمیان رابطے کا فرض ادا کرے گا۔

☆ صدر مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ اپنی مقامی جماعت کے تمام موصیان وموصیات کی مکمل فہرست اپنے پاس رکھے اور جو موصیان نقل مکانی کر کے کسی دوسری جماعت میں چلے جائیں ان کی اطلاع دفتر کو دیتے رہیں۔

☆مجلس موصیان اپنے باقاعدہ اجلاس وقتاً فوقتاً منعقد کرے گی۔

☆مجلس موصیان اپنے اجلاسات میں نظام وصیت کی اہمیت اس سے متعلق خدائی بشارات اور موصیوں پر عائد ہونے والی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتی رہے گی اور نیز موصیان کے ورثاء کی تربیت کا بھی انتظام کرے گی اور انہیں وصیت کی روح اور تقاضوں سے آگاہ کرتی رہے گی۔

☆مجلس موصیان اس بات کا جائزہ لیتی رہے گی کہ موصی حضرات اعمال وعقائد کے لحاظ سے کوئی ایسی کمزوری نہ دکھائیں جو موصی کو اس کے مقام سے گرانے والی ہو۔

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ اس بات کا اہتمام و انتظام کرے کہ ناخواندہ موصیان کو قرآن کریم ناظرہ پڑھانے اور ناظرہ جاننے والوں کو ترجمہ پڑھانے اور اس کی تفسیر پڑھانے کے لئے منصوبہ بندی کر کے باقاعدہ کام کیا جائے۔

☆مجلس موصیان اس بات کا اہتمام کرے گی کہ ہر موصی دو ایسے دوستوں کو قرآن کریم پڑھائے جو قرآن کریم پڑھے ہوئے نہیں۔

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ جماعت کی عام تربیت کے معیار کو بلند کرنے کی کوشش کرتی رہے اور اس کے لئے موصیان کو انفرادی طور پر کام تفویض کر کے ان پر عمل درآمد کرائے۔

تعلیم القرآن و وقف عارضی

☆مقامی جماعت میں تعلیم القرآن اور وقف عارضی کی تحریکات کے جملہ فرائض مجلس موصیان کے ذمہ ہوں گے۔صدر مجلس موصیان موصی حضرات کی امداد وتعاون سے تعلیم القرآن اور وقف عارضی کے مطالبات پورے کرنے میں کوشاں رہے گا۔

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ اپنی مقامی جماعت کے حالات اور تعداد کی نسبت سے مناسب تعداد میں واقفین عارضی مہیا کرنے کا انتظام کرے۔

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ اپنے ارکان میں سو فی صد تعلیم القرآن کا ہدف حاصل کریں اور کوئی موصی ایسا نہ رہے جو قرآن کریم ناظرہ نہ پڑھ سکتا ہو۔

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ قرآنی انوار کی اشاعت میں کوشاں رہے اور اس سلسلہ میں مقامی جماعت نظارت تعلیم القرآن اور دفتر بہشتی مقبرہ کی زیر ہدایت کام کرتی رہے۔

موصیان کی امداد اور راہنمائی:

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ جملہ موصیان کو وصیت کے قواعد سے باخبر رکھنے کا انتظام کرے اور وصیت سے متعلقہ ہدایات اور ضوابط سے موصیان کو آگاہ کرنے کے لئے اجلاس منعقد کرے یا دیگر ذرائع استعمال کرے۔

☆مجلس موصیان کا فرض ہوگا کہ وہ اپنی جماعت کے جملہ موصیان پر ان کی سالانہ ادائیگیوں کی اطلاع ملنے پر قاعدہ نمبر 69 کی تعمیل میں مقررہ تصدیقی فارم پُر کر کے بھجوانے اور حسابات Up To Date رکھنے کی اہمیت واضح کرتی رہے اور اس سلسلہ میں پیش آمدہ مشکلات میں موصیان کی راہنمائی کرے۔

☆جماعتی انتخابات میں حسب قواعد سیکرٹری وصایا کا انتخاب ہوگا اور حسب قواعد سیکرٹری وصایا کا موصی ہونا ضروری ہے۔

❁❁❁❁❁❁❁❁

چینی زبان کی انفرادیت اور بعض دلچسپ حقائق

مکرم محمود احمد انیس صاحب۔ چینی ڈیسک یوکے

چینی زبان دنیا کی ایک منفرد زبان ہے جو دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے ملک چین کی قومی زبان ہے اس کے علاوہ سنگاپور، ملائشیا، تائیوان اور دنیا میں مختلف جگہوں پر آباد چینی لوگ چینی زبان بولتے ہیں۔ یہ اقوام متحدہ کی چھ آفیشل زبانوں میں سے ایک ہے۔

چینی زبان میں حروف تہجی نہیں ہوتے بلکہ ہر لفظ کی ایک شکل ہوتی ہے جو زیادہ تر تو تصویری ہوتی ہے کبھی صوتی بھی ہوتی ہے۔ مثلاً بارش ہو رہی ہو تو ایک صوتی لفظ ''تِنگ تِنگ'' بولا جاتا ہے جو بارش کے قطروں کے گرنے کی آواز کو کہتے ہیں جبکہ تصویری لفظ ''یو'' بارش کے لئے استعمال ہوتا ہے اس لفظ کو لکھتے وقت اوپر ایک چھت بنائی جاتی ہے اور نیچے قطرے۔ تصویری الفاظ کی ایک اور دلچسپ مثال لفظ ہوسٹل ہے۔ اس میں اوپر ایک چھت ہے نیچے آدمی ہے اور ساتھ 100 کا عدد ہے یعنی یہ بتایا گیا ہے کہ ایسی عمارت جس میں بہت سے لوگ اکٹھے رہتے ہیں۔ پھر ''اچھا'' (good) کہنا ہو تو ''خاؤ'' کہتے ہیں۔ اس کو لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک عورت ہے اور اس کے ساتھ بچہ (لڑکا) ہے۔ چینیوں میں لڑکوں کو بہت اہمیت دی جاتی تھی اس لئے ایسی عورت جس کی گود میں بچہ (لڑکا) ہو اسے بہت اچھا خیال کیا جاتا تھا لہٰذا اس کیریکٹر کو ''اچھا'' کے معنے دے دیئے۔ بعض الفاظ ایسے بھی ہیں جن کی منطق خواہ کچھ بھی نہ ہو، جب چینی لوگ سمجھاتے ہیں تو اسے احتراماً ماننا پڑتا ہے مثلاً گندم کی بالی کی طرح کا ایک لفظ لکھا جاتا تھا جسے اب آسان انداز میں ڈھال دیا گیا ہے اس لفظ کا مطلب ہے ''آنا'' (to come)۔ اور اس کی تشریح یہ بتائی جاتی ہے کہ جب گندم کی فصل تیار ہوتی تھی تو وہ شہروں میں ''لائی'' جاتی تھی وہاں سے گندم کی بالی کے ذریعہ ''آنا'' کا لفظ بنا لیا گیا۔ ایسا ہی مسلمانوں کی سب سے بڑی قومیت کا نام خوئی (Hui) ہے۔ خوئی کا مطلب ہے واپس لوٹنا۔ انہیں خوئی کہنے کی ایک توجیہہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ابتداء عرب یا فارسی مسلمان تاجر چین میں آئے پھر بار بار آتے اور واپس جاتے رہے انہوں نے چین میں شادیاں کیں اور ان کی نسل خوئی کہلائی یعنی ایسے لوگ جو واپس لوٹتے رہے۔

چینی الفاظ کو جنہیں کیریکٹر کہتے ہیں چار حصوں میں تقسیم کر کے لکھا جاتا ہے پہلے اوپر کا حصہ اور پھر نیچے کا حصہ بائیں سے دائیں لکھا جاتا ہے۔ پیراگراف لکھنے کا طریق آجکل تو انگریزی کی طرح ہی ہے یعنی سطر کو بائیں سے دائیں لکھا جاتا ہے اور سطریں اوپر سے نیچے کو جاتی ہیں لیکن پہلے وقتوں میں چینی زبان کے الفاظ اوپر سے نیچے لکھ کر سطر بنائی جاتی تھی اور سطریں دائیں سے بائیں لکھی جاتی تھیں۔

کئی چینی کیریکٹر ایسے ہیں جو لکھنے میں ایک جیسے ہیں لیکن ان کے تلفظ ایک سے زائد ہیں اور تلفظ کی تبدیلی کے ساتھ معانی بھی بدل جاتے ہیں۔ مثلاً ایک کیریکٹر کو m a i پڑھیں تو اس کا مطلب ہے چھپانا یا دفنانا لیکن اسی کیریکٹر کو man پڑھیں تو اس کا مطلب ہے شکایت۔ لیکن لکھنے میں دونوں کی شکل ایک جیسی ہے۔ اس کے برعکس بے شمار الفاظ ایسے ہیں جن کا تلفظ ایک جیسا ہے لیکن لکھنے میں مختلف ہیں مثلاً ایک آواز ''شِر'' ہے اسے پچاس سے زیادہ طریقوں سے لکھا جاتا ہے اور اس آواز کے ہر کیریکٹر کا الگ مطلب ہے۔ اسی طرح لفظ اُو (Wu) کو بھی مختلف طریقوں سے لکھا جاتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی کہے کہ اُو لی لائے (Wu li lai)۔ تو اس میں سے لفظ اُو کے معنے کمرہ کے بھی ہیں اور اس کے معنی ''نہیں'' بھی ہیں۔ چنانچہ اس فقرے کے ایک معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ ''کمرے میں داخل ہو جائیں۔ اندر تشریف لائیں''۔ اور دوسرے معنے یہ: ''اندر آنے کی اجازت نہیں ہے''۔ ایسی جگہوں پر چینی کیریکٹر ہی فرق کو واضح کر سکتے ہیں۔

چینی ٹائپنگ بھی باقی زبانوں کی طرح یوں نہیں کہ چند حروف کے بٹن دبا کر لفظ ٹائپ کر لیا جائے۔ چینی ٹائپنگ کا زیادہ مستعمل طریق یہ ہے کہ کسی ایک آواز کو ٹائپ کرنے کے لئے اس کے حروف ٹائپ کئے جاتے ہیں اس سے اس آواز کے مختلف کیریکٹرز کی لسٹ کمپیوٹر پر آجاتی ہے جس میں سے مطلوبہ کیریکٹر منتخب کر لیا جاتا ہے۔ پھر اگلا لفظ اسی طریق پر ٹائپ کیا جاتا ہے۔ جو روزانہ ٹائپ کرتے ہیں وہ انگریزی کی طرح کافی تیز رفتاری سے ٹائپ کر لیتے ہیں۔

چینی زبان میں چار سُر یں (Tones) ہیں جو بہت اہم ہیں۔ مثلاً ma کو چار مختلف سروں میں بولا جا سکتا ہے پہلی سر میں بولیں تو اس کا مطلب ہے ماں۔ دوسری میں کھردرے پن کے معنے ہیں، تیسری میں بولیں تو اس کا مطلب ہے گھوڑا اور چوتھی میں بولیں تو اس کے معنی ڈانٹنے کے ہیں۔ گویا کسی چینی لفظ کی غلط سُر کے ساتھ ادائیگی اس کے معانی کو بدل دیتی ہے۔ زیادہ تر الفاظ کے سر کی تبدیلی کے ساتھ کیریکٹر بھی مختلف ہوتے ہیں۔

چینی زبان میں لفظوں کی تذکیر وتانیث نہیں ہوتی جیسے اُردو میں مثلاً کتاب مؤنث اور قلم مذکر۔ اسی طرح چینی الفاظ میں واحد جمع بھی نہیں ہیں جیسے اُردو میں کتاب کی جمع کتب یا کتابیں ہے۔ کوئی گردانیں یا فعل کی حالت کی تبدیلی بھی نہیں ہے۔

چینی زبان میں Measuring words بہت زیادہ ہیں اُردو میں اس قسم کے الفاظ بہت کم ہیں اور ضرورت کے وقت زیادہ تر لفظ عدد ہی سے کام چل جاتا ہے مثلاً پانچ عدد کرسیاں، چھ عدد پینسلیں وغیرہ۔ لیکن چینی زبان میں تقریباً ہر چیز کے لئے Measuring words ہیں کچھ چیزوں کے لئے ایک جیسے اور زیادہ تر کے لئے مختلف۔ مثلاً آدمی، کتاب، کرسی، پنسل، عمارت، تالا، سڑک، دریا وغیرہ میں سے ہر ایک کے الگ الگ Measuring words ہیں۔

چینی زبان کے ہر لفظ کا ایک ریڈیکل ہے مثلاً ایسی چیزیں جن کا تعلق پانی سے ہے ان میں تین

خاص قسم کی سٹروکس ہوتی ہیں اسی طرح لکڑی سے تعلق رکھنے والے الفاظ میں ایک حصہ بطور خاص دکھائی دیتا ہے پھر وہ الفاظ جن کا تعلق میٹل سے ہے ان کا بھی ایک حصہ میٹل کی نمائندگی کرتا ہے۔ پھر میٹلز میں سے بھی ایک خاص ریڈیکل ہوتا ہو تو ایسے الفاظ کا تعلق لوہے سے ہے وغیرہ۔ چینی زبان کی ڈکشنری دیکھنے کا ایک طریق ریڈیکلز ہیں ان ریڈیکلز کی مدد سے اس صفحہ پر پہنچتے ہیں جہاں اس ریڈیکل کے الفاظ کی فہرست دی ہوتی ہے پھر مطلوبہ لفظ کو سٹروکس کی تعداد کے لحاظ سے ڈھونڈیں تو آگے ڈکشنری کا صفحہ نمبر درج ہوتا ہے جہاں اس کے معانی لکھے ہوتے ہیں۔ اللہ بھلا کرے ان لوگوں کا جنہوں نے چینی صوتیات (Phonetics) ایجاد کیں یعنی چینی الفاظ کی آوازوں کو انگریزی میں لکھنا۔ صوتیات غیر ملکی طلباء کے لئے بہت مفید ہیں۔ اسی طرح ٹائپنگ اور ڈکشنریوں میں بہت ممد ثابت ہوتی ہیں۔ لیکن چینی کیریکٹرز کو مکمل طور پر چھوڑ کر صوتیات کو اپنانے میں ابھی بہت سی پیچیدگیاں ہیں۔

چینی کیریکٹرز کو سادہ اور آسان بنانے کا کام مسلسل ہو رہا ہے یعنی اس کی پیچیدہ شکل کو سادہ بنایا جا رہا ہے۔ مثلاً پہلے پہاڑ لکھنا ہوتا تھا تو پہاڑ بنا دیا جاتا تھا، آنکھ کا لفظ لکھنا ہوتا تو آنکھ بنادی جاتی تھی، پرندہ لکھنا ہوتا تو پرندہ بنا دیا جاتا تھا اب ان الفاظ کو سادہ اور لکھنے میں آسان بنا دیا گیا ہے اور ایسے الفاظ بے شمار ہیں۔

چینی زبان دو قسم کی ہے قدیم چینی اور جدید چینی۔ آجکل جو بولی اور پڑھائی جاتی ہے وہ جدید چینی زبان ہے۔ قدیم چینی زبان کی زبان، گرائمر، الفاظ اتنے مشکل ہیں کہ بہت سے چینی لوگ بھی اسے نہیں سمجھ سکتے یا کم سمجھتے ہیں۔ یونیورسٹیوں کے بھی وہی طلباء اسے سمجھتے ہیں جو خاص طور پر قدیم چینی ادب پڑھتے ہیں باقیوں کو یہ محض تعارف کی حد تک پڑھا دی جاتی ہے۔ قدیم چینی زبان میں حضرت کنفیوشس کی تعلیمات، انہی کی طرح کے بعض اور نیک بزرگوں، ماہرین تعلیم، مؤرخین کی تحریرات اور شعراء کا کلام شامل ہیں۔

